سوال

حاجی کے لئے نماز قصر کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حاجی کے لئے نماز قصر کا کیا حکم ہے جب مکہ مکرمہ میں چار دن سے زیادہ اقامت ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب حاجی کی مکہ مکرمہ میں اقامت چار دن یا اس سے کم مدت کے لئے ہو تو اس کے لئے سنت یہ ہے کہ چار رکعتوں والی نماز کی دو رکعات پڑھے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حجة الوداع میں یہی عمل تھا اور اگر ارادہ چار دن سے زیادہ قیام کا ہو تو احتیاط یہ ہے کہ وہ نماز قصر کرنے کی بجائے پوری پڑھے اکثر اہل علم کا یہی قول ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص520

محدث فتویٰ